10 مئی 2017ء

مالی سال 17ء کے پہلے دس ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 15.6 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 17ء کے پہلے دس مہینوں (جولائی تا اپریل) میں 15596.28 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 16044.25 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

اپریل 2017ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1538.61 ملین ڈالر تھی جو کہ مارچ 2017ء کے مقابلے میں 9.2 فیصد کم، اور اپریل 2016ء کے مقابلے میں 7.11 فیصد کم ہے۔ بلحاظ ملک اپریل 2017ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 439.13 ملین ڈالر، 344.01 ملین ڈالر، 199.69 ملین ڈالر، 191.62 ملین ڈالر، 175.18 ملین ڈالر، اور 41.89 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ اپریل 2016ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 488.78 ملین ڈالر، 345.99 ملین ڈالر، 189.88 ملین ڈالر، 221.88 ملین ڈالر، 199.53 ملین ڈالر اور 39.85 ملین ڈالر تھیں۔ اپریل 2017ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 147.09 ملین ڈالر رہیں جبکہ اپریل 2016ء میں ان ملکوں سے 170.55 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆